# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**FINAL TERM**

**SUBJECT: TARJUMA-TUL-QURAN-UL MAJEED**

**GRADE-6**

**[Part A:10 Marks Part B: 40 Marks Total: 50 Marks ], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : d | Q. No.2 : a | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : c | Q. No.5 : b | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : a | Q. No.9 : b |
| Q. No.10 : c | | |

---

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔(2x5=10)

سورۃ الفاتحہ کو سورۃ المُناجَاۃ کیوں کہا جاتا ہے؟(2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

سورۃ الفاتحہ کو سورۃ المُناجَاۃ اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ اس سورت میں دعا مانگنے کا طریقہ سکھایا گیا ہے۔

سورۃ الکوثر کے مطالعہ سے ہمیں کیا رہ نمائی ملتی ہے؟(2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

سورۃ الکوثر کے مطالعہ سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پوری کائنات میں سب سے زیادہ محبت حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے ہے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے مبارک نام کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے بلند فرما دیا ہے۔

سورۃ الکافرون کا مقصد نزول بیان کریں۔(2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
کفار مکہ جب حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو زبانی اور جسمانی تشدد کے باوجود توحید کی دعوت سے نہ روک سکے تو انھوں نے سودے بازی کی پیش کش کی انھوں نے کہا کہ ایک سال ہم آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور ایک سال آپ ہمارے بتوں کی عبادت کریں۔ اس کے جواب میں یہ سورۃ نازل ہوئی۔ اس میں بت پرستی کا صاف انکار کیا گیا ہے۔

حدیث مبارک کی روشنی میں سورۃ الاخلاص کی فضیلت تحریر کریں۔ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
سورۃ الاخلاص بہت فضیلت والی سورت ہے۔ اس سورت کو حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایک تہائی قرآن کے برابر قرار دیا ہے۔

شیطانِ مردود نے قیامت تک کے لیے اللہ تعالیٰ سے مہلت کیوں مانگی؟ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
ابلیس نے اللہ تعالیٰ کے بندوں کو سیدھے راستے سے ہٹانے کے لئے مہلت مانگی چناں چہ بندوں کی آزمائش کے لئے اسے یہ مہلت دے دی گئی مگر وہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کو سیدھے راستے سے نہیں ہٹا سکے گا۔

حضرت نوح علیہ السلام کو آدم ثانی کیوں کہا جاتا ہے؟ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
حضرت نوح علیہ السلام کے بعد ان کے ایمان لانے والے تینوں بیٹوں سے انسانوں کی نسل چلی۔ اس لئے حضرت نوح علیہ السلام کو "آدم ثانی" بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کی ہٹ دھرمی کا کیا نتیجہ نکلا؟ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
قوم ثمود کے وہ خوب صورت گھر اور عالی شان محلات جن پر انھیں بہت ناز اور گھمنڈ تھا، اللہ تعالیٰ کے عذاب سے کھنڈرات اور ویرانے بن گئے، گویا ان میں کوئی رہا ہی نہیں۔ یہ کھنڈرات آج بھی موجود ہیں اور لوگوں کے لئے عبرت کا نشان ہیں۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو دین کی دعوت دیتے ہوئے کیا نصیحت فرمائی؟ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو بہت سمجھایا کہ صرف ایک اللہ کی عبادت کرو، شرک سے بچو، ناپ تول میں کمی نہ کرو اور زمین میں فساد نہ کرو۔ آپ علیہ السلام نے انھیں اللہ کا شکر گزار بننے اور استغفار کرنے کی نصیحت فرمائی۔

**Question No: 12**

---

سوال نمبر 12

---

درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ قرآنی الفاظ کے معنیٰ لکھیں۔(5x1=05)

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِیۡنَ | عَلَیۡہِمۡ | اَنۡعَمۡتَ | اِہۡدِنَا |

آیٹم روبرک (اردو):

| | | | |
|---|---|---|---|
| ان لوگوں کا | ان پر | تونے انعام فرمایا | ہمیں ہدایت عطا فرما |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَاۤ | اَنَا | لَکُمۡ | لِیَ |

آیٹم روبرک (اردو):

| | | | |
|---|---|---|---|
| نہیں | میں | تمہارے لئے | میرے لیے |

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کا با محاورہ ترجمہ لکھیں-(3x5=15)

مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۳﴾ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿۴﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿۵﴾ (5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

جو بدلہ کے دن کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور رہم صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے۔ ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔

مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾ (5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے (شیطان) کے شر سے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ (چاہے وہ) جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ (5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

اے نبی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم! آپ فرما دیجیے میں صبح کے ربّ کی پناہ میں آتا ہوں۔ ہر اُس چیز کے شر سے جو اس (اللہ) نے پیدا فرمائی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ یَلِدْ ۙ۬ وَ لَمْ یُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۠﴿۴﴾ (5)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ وہ کسی کا بیٹا ہے۔ اور نہ کوئی اُس کے برابر ہے۔

وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۠﴿۶﴾ (5)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
اور (میں پھر کہتا ہوں کہ) میں عبادت کرنے والا نہیں ان (بتوں) کی جن کی تم نے عبادت کی۔ اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس (اللہ) کی میں عبادت کرتا ہوں۔
تمھارے لیے تمھارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے۔

**Question No: 14**

---

سوال نمبر 14

---

درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (10x1=10)
قومِ لوط کے عبرت ناک انجام میں ہمارے لئے کیا سبق ہے؟ (10)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (10) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 9 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
اللہ تعالیٰ نے اس بے حیا قوم کو سخت عذاب سے دوچار کیا۔ اس نافرمان قوم کو اندھا کر دیا گیا، ان کی بستیوں کو اٹھا کر پٹخ دیا گیا اور ان پر آسمان سے پتھروں کی بارش کی گئی۔ ان کی اُجڑی ہوئی بستیوں کے کھنڈرات بحرِ مُردار کے قریب آج بھی عبرت کا درس دے رہے ہیں۔ اس میں ہمارے لئے یہ سبق ہے کہ حیا والی زندگی اطمینان اور سکون والی زندگی ہے۔ جو لوگ بے حیا ہو جاتے ہیں اور اپنی خواہشات کے غلام بن جاتے ہیں۔ ان کی زندگی میں سکون اور اطمینان ختم ہو جاتا ہے۔ ان کے دل ویران ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے آخرت میں بھی سزا ہے اور دنیا میں بھی خوش نہیں رہتے۔

سورۃ الماعون کے مضامین کا جائزہ پیش کریں؟ (10)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (10) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 9 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ آخرت کے انکار کی وجہ سے انسان کے کردار میں بہت سی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ایسے لوگ یتیموں پر ظلم کرتے ہیں۔ غریبوں کی نہ خود مدد کرتے ہیں اور نہ دوسروں کو اس کی ترغیب دیتے ہیں۔ ایسے لوگ اللہ تعالی کی عبادت سے غافل رہتے ہیں۔ اگر کوئی نیکی کرتے بھی ہیں تو لوگوں کو دکھانے کے لئے، جب کہ دکھاوا کرنے سے نیکی ضائع ہو جاتی ہے۔ اور یہ لوگ اتنے خود غرض ہیں کہ عام استعمال کی معمولی چیزیں بھی لوگوں کے مانگنے پر نہیں دیتے۔